## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

### ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Tuesday, the 18th August, 2026 at 2:00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**2.** **MS. TAMKEEN AKHTAR NIAZI** **MS. HUMA AKHTER CHUGHTAI**
**MS. ZAHRA WADOOD FATEMI** **MS. ASIYA NAZ TANOLI**
**MS. SEEMA MOHI-UD-DIN JAMILI** to invite attention of the Minister for Interior and Narcotics Control, to a matter of urgent public importance regarding the growing water scarcity and the need for installation of water purification and recycling plants in Islamabad Capital Territory, causing grave concern amongst the public.

### LEGISLATIVE BUSINESS

**3.** **MS. SHAISTA KHAN** to move that the Bill further to amend the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 [The State-Owned Enterprises (Governance and Operations) (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**4.** **MS. SHAISTA KHAN** to move that the Bill further to amend the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 [The State-Owned Enterprises (Governance and Operations) (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**5.** **MS. SHAISTA KHAN** to move that the Bill further to amend the Abandoned Properties (Management) Act, 1975 [The Abandoned Properties (Management) (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**6.** **MS. SHAISTA KHAN** to move that the Bill further to amend the Abandoned Properties (Management) Act, 1975 [The Abandoned Properties (Management) (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**7.** **SYED ABDUL QADIR GILANI** **MR. TAHIR IQBAL** to move that the Bill to provide for the establishment of the Federal Institute of Management Sciences [The Federal Institute of Management Sciences Bill, 2024], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**8.** **SYED ABDUL QADIR GILANI** **MR. TAHIR IQBAL** to move that the Bill to provide for the establishment of the Federal Institute of Management Sciences [The Federal Institute of Management Sciences Bill, 2024], be passed.

**9.** **MS. SHANDANA GULZAR KHAN** to move that the Bill further to amend the Factories Act, 1934 [The Factories (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**10.** **MS. SHANDANA GULZAR KHAN** to move that the Bill further to amend the Factories Act, 1934 [The Factories (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**11.** **MS. SHANDANA GULZAR KHAN** to move that the Bill further to amend the Anti-Rape (Investigation and Trial) Act, 2021 [The Anti-Rape (Investigation and Trial) (Amendment) Bill, 2024], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**12.** **MS. SHANDANA GULZAR KHAN** to move that the Bill further to amend the Anti-Rape (Investigation and Trial) Act, 2021 [The Anti-Rape (Investigation and Trial) (Amendment) Bill, 2024], be passed.

**13.** **MS. SHANDANA GULZAR KHAN** to move that the Bill further to amend the Islamabad Rent Restriction Ordinance, 2001 [The Islamabad Rent Restriction (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**14.** **MS. SHANDANA GULZAR KHAN** to move that the Bill further to amend the Islamabad Rent Restriction Ordinance, 2001 [The Islamabad Rent Restriction (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**15.** **MS. SHANDANA GULZAR KHAN** to move that the Bill further to amend the National Highways Safety Ordinance, 2000 [The National Highways Safety (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**16.** **MS. SHANDANA GULZAR KHAN** to move that the Bill further to amend the National Highways Safety Ordinance, 2000 [The National Highways Safety (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**17.** **MS. SHANDANA GULZAR KHAN** to move that the Bill further to amend the Payment of Wages Act, 1936 [The Payment of Wages (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**18.** **MS. SHANDANA GULZAR KHAN** to move that the Bill further to amend the Payment of Wages Act, 1936 [The Payment of Wages (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**19.** **MS. SHANDANA GULZAR KHAN** to move that the Bill further to amend the Provincial Motor Vehicles Ordinance, 1965 [The Provincial Motor Vehicles (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**20.** **MS. SHANDANA GULZAR KHAN** to move that the Bill further to amend the Provincial Motor Vehicles Ordinance, 1965 [The Provincial Motor Vehicles (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**21.** **SYEDA SHEHLA RAZA** to move that the Bill further to amend the Limited Liability Partnership Act, 2017 [The Limited Liability Partnership (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**22.** **SYEDA SHEHLA RAZA** to move that the Bill further to amend the Limited Liability Partnership Act, 2017 [The Limited Liability Partnership (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**23.** **SYED HUSSAIN TARIQ** to move that the Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2026] (section 59A, 154, 431 and 431A), as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**24.** **SYED HUSSAIN TARIQ** to move that the Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2026], be passed.

**25.** **MR. KHURSHID AHMED JUNEJO** to move that the Bill further to amend the National Security Council Act, 2004 [The National Security Council (Amendment) Bill, 2026], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**26.** **MR. KHURSHID AHMED JUNEJO** to move that the Bill further to amend the National Security Council Act, 2004 [The National Security Council (Amendment) Bill, 2026], be passed.

**27.** **MR. ALI MUHAMMAD** to move that the Bill to provide for establishment of the Pakistan Emergency Treatment Coverage Program [The Pakistan Emergency Treatment Coverage Program Bill, 2024], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**28.** **MR. ALI MUHAMMAD** to move that the Bill to provide for establishment of the Pakistan Emergency Treatment Coverage Program [The Pakistan Emergency Treatment Coverage Program Bill, 2024], be passed.

**29.** **MR. ALI MUHAMMAD** to move that the Bill to make provisions for protection of breast-feeding and nutrition for infants and young children [The Islamabad Capital Territory Protection of Breast-Feeding and Child Nutrition Bill, 2024], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**30.** **MR. ALI MUHAMMAD** to move that the Bill to make provisions for protection of breast-feeding and nutrition for infants and young children [The Islamabad Capital Territory Protection of Breast-Feeding and Child Nutrition Bill, 2024], be passed.

**31.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2025] (section 297A), as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**32.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**33.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move that the Bill further to amend the Pakistan Council for Science and Technology Act, 2017 [The Pakistan Council for Science and Technology (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**34.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move that the Bill further to amend the Pakistan Council for Science and Technology Act, 2017 [The Pakistan Council for Science and Technology (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**35.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move that the Bill to amend the Islamabad Capital Territory Senior Citizens Act, 2021 [The Islamabad Capital Territory Senior Citizens (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**36.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move that the Bill to amend the Islamabad Capital Territory Senior Citizens Act, 2021 [The Islamabad Capital Territory Senior Citizens (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**37.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move that the Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2024] (schedule-II), as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**38.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move that the Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2024] (schedule-II), be passed.

**39.** **MS. SEHAR KAMRAN** to move that the Bill further to amend the National Commission on the Rights of Child Act, 2017 [The National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**40.** **MS. SEHAR KAMRAN** to move that the Bill further to amend the National Commission on the Rights of Child Act, 2017 [The National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**41.** **KHAWAJA IZHAR UL HASSAN** to move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898) [The Criminal Law (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**42.** **KHAWAJA IZHAR UL HASSAN** to move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898) [The Criminal Law (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**43.** **SHAZIA MARRI** to move that the Bill further to amend the Qanun-e-Shahadat, 1984 [The Qanun-e-Shahdat (Amendment) Bill, 2026], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**44.** **SHAZIA MARRI** to move that the Bill further to amend the Qanun e Shahadat, 1984 [The Qanun e Shahdat (Amendment) Bill, 2026], be passed.

**45. MS. NUZHAT SADIQ** to move that the Bill to amend the Pakistan Environmental Protection Act, 1997 [The Pakistan Environmental Protection (Amendment) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**46. MS. NUZHAT SADIQ** to move that the Bill to amend the Pakistan Environmental Protection Act, 1997 [The Pakistan Environmental Protection (Amendment) Bill, 2024], be passed.

## MOTION

**47. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ**, Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the calling attention notice no. 4 regarding delay in payment of prices of land to those persons whose lands were acquired by the CDA in Sectors E-12, C-13, C-14, C-15, C-16 and H-16, Islamabad, referred to the Committee on 29.09.2025, till today be condoned.

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**48. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ**, Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to present report of the Standing Committee on the calling attention notice no. 4 regarding delay in payment of prices of land to those persons whose lands were acquired by the CDA in Sectors E-12, C-13, C-14, C-15, C-16 and H-16, Islamabad.

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**49**. **MR. MUHAMMAD AFZAL,** Chairman Standing Committee on Rules of Procedure and Privileges to present the report of the Standing Committee on the amendments in Rule 30, 31, 118 and 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**50. MR. MUHAMMAD AFZAL DR. NAFISA SHAH** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendments in Rule 30, 31, 118 and 234-A of the said rules, as reported by the Standing Committee be taken into consideration.

**51**. **MR. MUHAMMAD AFZAL DR. NAFISA SHAH** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 be adopted.

## AMENDMENT TO THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007

**52. MR. ANJUM AQEEL KHAN** to seek leave under sub-rule (4) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 to move the following amendments in the said Rules:-

> **Amendment in Rule 74 of the Rules of Procedure.-** that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly 2007, in rule 74, for the expressions "in which their notices are received" with the expressions "drawn in the ballot held under proviso to rule 73", shall be substituted.

**53. MR. ANJUM AQEEL KHAN** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendment be taken into consideration.

**54. MR. ANJUM AQEEL KHAN** to move that the proposed amendment in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

## RESOLUTIONS

**55. SYED RAFIULLAH** to move the following resolution:-

This House is of the opinion that the Government should take immediate and effective steps to reform the Federal Board of Revenue by strengthening its enforcement, monitoring, and revenue administration to

improve the recovery of evaded taxes and duties and ensure greater transparency, accountability, and efficiency.

**56. MS. SEHAR KAMRAN** to move the following resolution:-

This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to curb beggary in the ICT Territory.

**57. MR. ANJUM AQEEL KHAN** to move the following resolution:-

This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to allocate adequate land for public graveyards throughout the Islamabad Capital Territory (ICT), particularly in New Faisal Colony, Jhangi Syedan, Shams Colony, and Tarnol, where the shortage of burial space has become a matter of public concern.

**58. MS. SHARMILA FARUQUI** to move the following resolution:-

This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to declare water security a national priority and ensure the efficient utilization and conservation of water resources to safeguard Pakistan's economic, agricultural and environmental future.

**59. MS. ALIYA KAMRAN** to move the following resolution:-

This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to strengthen and expand the electricity transmission and distribution network across Balochistan to ensure a reliable and uninterrupted power supply.

## MOTIONS UNDER RULE 259

**60. MS. ALIYA KAMRAN** to move the following motion:-

This House may discuss the performance of the Federal Government Employees Housing Authority (FGEHA), particularly the persistent delays in the completion of its housing projects, and consider measures to ensure their timely completion, transparency, accountability, and the effective delivery of possession to the allottees.

**61. DR. SHARMILA FARUQUI** to move the following motion:-

This House may discuss the steps being taken by the Government to ensure national food security and the long-term sustainability of Pakistan's agriculture sector in light of emerging challenges affecting agricultural production.

**62. MS. SHAHIDA REHMANI** to move the following motion:-

This House may discuss the internal policy of the Government.

**63. SYEDA AMNAH BATOOL** to move the following motion:-

This House may discuss the need to bring private hospitals under the Tax net.

**64. MS. NAEEMA KISHWAR KHAN** to move the following motion:-

This House may discuss the policy for the determination of petroleum products prices on a daily or three-day basis.

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**65.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**66. HAJI IMTIAZ AHMED CHOUDHRY KHAWAJA SHERAZ MEHMOOD MR. GHULAM MUHAMMAD** to invite attention of the Minister for Interior and Narcotics Control, to a matter of urgent public importance regarding the inordinate delay on the part of the Capital Development Authority (CDA) in allotting land/plot to the Department of Archaeology and Museums for the construction of the National Museum of Pakistan at Shakarparian National Park, Islamabad, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**17th August, 2026**

**SAEED AHMAD MAITLA**
**Acting Secretary**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو منگل، ۱۸/اگست، ۲۰۲۶ء دوپہر دو بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۲۔ **محترمہ تمکین اختر نیازی** **محترمہ ہما اختر چغتائی** **محترمہ زہرا ودود فاطمی** **محترمہ آسیہ ناز تنولی** **محترمہ سیما محی الدین جمیلی** وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں پانی کی بڑھتی ہوئی قلت اور پانی صاف کرنے اور دوبارہ قابل استعمال بنانے کے پلانٹس کی تنصیب کی ضرورت سے متعلق ہے۔

### قانون سازی

۳۔ **محترمہ شائستہ خان** تحریک پیش کریں گی کہ ریاستی ملکیتی کاروباری ادارے (انتظام و انصرام) ایکٹ، ۲۰۲۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [ریاستی ملکیتی کاروباری ادارے (انتظام وانصرام) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۴۔ **محترمہ شائستہ خان** تحریک پیش کریں گی کہ ریاستی ملکیتی کاروباری ادارے (انتظام و انصرام) ایکٹ، ۲۰۲۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [ریاستی ملکیتی کاروباری ادارے (انتظام وانصرام) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۵۔ **محترمہ شائستہ خان** تحریک پیش کریں گی کہ متروکہ املاک (انتظام) ایکٹ، ۱۹۷۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [متروکہ املاک (انتظام) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۶۔ **محترمہ شائستہ خان** تحریک پیش کریں گی کہ متروکہ املاک (انتظام) ایکٹ، ۱۹۷۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [متروکہ املاک (انتظام) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۷۔ **سید عبدالقادر گیلانی** **جناب طاہر اقبال** تحریک پیش کریں گے کہ فیڈرل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [فیڈرل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز بل، ۲۰۲۴ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۸۔ **سید عبدالقادر گیلانی** **جناب طاہر اقبال** تحریک پیش کریں گے کہ فیڈرل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [فیڈرل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۹۔ **محترمہ شاندانہ گلزار خان** تحریک پیش کریں گی کہ کارخانہ جات ایکٹ، ۱۹۳۴ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [کارخانہ جات (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۱۰۔ **محترمہ شاندانہ گلزار خان** تحریک پیش کریں گی کہ کارخانہ جات ایکٹ، ۱۹۳۴ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [کارخانہ جات (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۱۱۔ **محترمہ شاندانہ گلزار خان** تحریک پیش کریں گی کہ انسداد زناء بالجبر (تفتیش و سماعت مقدمہ) ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [انسداد زناء بالجبر (تفتیش و سماعت مقدمہ) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۱۲۔ **محترمہ شاندانہ گلزار خان** تحریک پیش کریں گی کہ انسداد زناء بالجبر (تفتیش و سماعت مقدمہ) ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [انسداد زناء بالجبر (تفتیش و سماعت مقدمہ) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۱۳۔ **محترمہ شاندانہ گلزار خان** تحریک پیش کریں گی کہ اسلام آباد تحدید کرایہ آرڈیننس، ۲۰۰۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [اسلام آباد تحدید کرایہ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۴۔ **محترمہ شاندانہ گلزار خان** تحریک پیش کریں گی کہ اسلام آباد تحدید کرایہ آرڈیننس، ۲۰۰۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [اسلام آباد تحدید کرایہ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۱۵۔ **محترمہ شاندانہ گلزار خان** تحریک پیش کریں گی کہ تحفظ قومی شاہرات آرڈیننس، ۲۰۰۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [تحفظ قومی شاہرات (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۶۔ **محترمہ شاندانہ گلزار خان** تحریک پیش کریں گی کہ تحفظ قومی شاہرات آرڈیننس، ۲۰۰۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [تحفظ قومی شاہرات (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۱۷۔ **محترمہ شاندانہ گلزار خان** تحریک پیش کریں گی کہ تنخواہوں کی ادائیگی ایکٹ، ۱۹۳۶ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [تنخواہوں کی ادائیگی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۸۔ **محترمہ شاندانہ گلزار خان** تحریک پیش کریں گی کہ تنخواہوں کی ادائیگی ایکٹ، ۱۹۳۶ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [تنخواہوں کی ادائیگی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۱۹۔ **محترمہ شاندانہ گلزار خان** تحریک پیش کریں گی کہ صوبائی موٹر گاڑیاں آرڈیننس، ۱۹۶۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [صوبائی موٹر گاڑیاں (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۲۰۔ **محترمہ شاندانہ گلزار خان** تحریک پیش کریں گی کہ صوبائی موٹر گاڑیاں آرڈیننس، ۱۹۶۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [صوبائی موٹر گاڑیاں (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۲۱۔ **سیدہ شہلا رضا** تحریک پیش کریں گی کہ شراکت داری محدود ذمہ داری ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [شراکت داری محدود ذمہ داری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۲۲۔ **سیدہ شہلا رضا** تحریک پیش کریں گی کہ شراکت داری محدود ذمہ داری ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [شراکت داری محدود ذمہ داری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۲۳۔ **سید حسین طارق** تحریک پیش کریں گے کہ مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [مجموعہ ضابطہ فوجداری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] (دفعات ۵۹/الف، ۱۵۴، ۴۳۱، ۴۳۱/اور ۴۳۱/الف) سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۲۴۔ **سید حسین طارق** تحریک پیش کریں گے کہ مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [مجموعہ ضابطہ فوجداری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] منظور کیا جائے۔

۲۵۔ **جناب خورشید احمد جونیجو** تحریک پیش کریں گے کہ قومی سلامتی کونسل ایکٹ، ۲۰۰۴ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [قومی سلامتی کونسل (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۲۶۔ **جناب خورشید احمد جونیجو** تحریک پیش کریں گے کہ قومی سلامتی کونسل ایکٹ، ۲۰۰۴ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [قومی سلامتی کونسل (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] منظور کیا جائے۔

۲۷۔ **جناب علی محمد** تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان ایمرجنسی ٹریٹمنٹ کوریج پروگرام کی تشکیل کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [پاکستان ایمرجنسی ٹریٹمنٹ کوریج پروگرام بل، ۲۰۲۴ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۲۸۔ **جناب علی محمد** تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان ایمر جنسی ٹریٹمنٹ کوریج پروگرام کی تشکیل کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [پاکستان ایمر جنسی ٹریٹمنٹ کوریج پروگرام بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۲۹۔ **جناب علی محمد** تحریک پیش کریں گے کہ نوزائیدہ اور چھوٹے بچوں کو ماں کا دودھ پلانے اور غذائیت کے تحفظ کی بابت احکام وضع کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں بچوں کو ماں کا دودھ پلانے اور غذائیت کا تحفظ بل، ۲۰۲۴ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۳۰۔ **جناب علی محمد** تحریک پیش کریں گے کہ نوزائیدہ اور چھوٹے بچوں کو ماں کا دودھ پلانے اور غذائیت کے تحفظ کی بابت احکام وضع کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں بچوں کو ماں کا دودھ پلانے اور غذائیت کا تحفظ بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۳۱۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فوجداری قوانین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (دفعہ ۲۹۷/الف) سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۳۲۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فوجداری قوانین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۳۳۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ پاکستان کونسل برائے سائنس و ٹیکنالوجی ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان کونسل برائے سائنس و ٹیکنالوجی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۳۴۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ پاکستان کونسل برائے سائنس و ٹیکنالوجی ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان کونسل برائے سائنس و ٹیکنالوجی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۳۵۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد بزرگ شہری ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں ترمیم کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد بزرگ شہری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۳۶۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد بزرگ شہری ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں ترمیم کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد بزرگ شہری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۳۷۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [مجموعہ ضابطہ فوجداری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (جدول۔دوم) قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۳۸۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [مجموعہ ضابطہ فوجداری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (جدول۔دوم) منظور کیا جائے۔

۳۹۔ **محترمہ سحر کامران** تحریک پیش کریں گی کہ قومی کمیشن برائے حقوق بچگان ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [قومی کمیشن برائے حقوق بچگان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۴۰۔ **محترمہ سحر کامران** تحریک پیش کریں گی کہ قومی کمیشن برائے حقوق بچگان ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [قومی کمیشن برائے حقوق بچگان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۴۱۔ **خواجہ اظہار الحسن** تحریک پیش کریں گے کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فوجداری قانون (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۴۲۔ **خواجہ اظہار الحسن** تحریک پیش کریں گے کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فوجداری قانون (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۴۳۔ **شازیہ مری** تحریک پیش کریں گی کہ قانون شہادت، ۱۹۸۴ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [قانون شہادت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۴۴۔ **شازیہ مری** تحریک پیش کریں گی کہ قانون شہادت، ۱۹۸۴ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [قانون شہادت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] منظور کیا جائے۔

۴۵۔ **محترمہ نزہت صادق** تحریک پیش کریں گی کہ پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں ترمیم کرنے کا بل [پاکستان ماحولیاتی تحفظ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۴۶۔ **محترمہ نزہت صادق** تحریک پیش کریں گی کہ پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں ترمیم کرنے کا بل [پاکستان ماحولیاتی تحفظ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

## تحریک

۴۷۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسدادِ منشیات تحریک پیش کریں گے کہ ۲۹ ستمبر، ۲۰۲۵ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ سیکٹرز ای۔۱۲، سی۔۱۳، سی۔۱۴، سی۔۱۵، سی۔۱۶ اور ایچ۔۱۶، اسلام آباد میں سی ڈی اے کی طرف سے حاصل کی گئی اراضی کے مالکان کو زمینوں کی قیمت کی ادائیگی میں تاخیر سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس نمبر ۴ پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۴۸۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسدادِ منشیات، سیکٹرز ای۔۱۲، سی۔۱۳، سی۔۱۴، سی۔۱۵، سی۔۱۶ اور ایچ۔۱۶، اسلام آباد میں سی ڈی اے کی طرف سے حاصل کی گئی اراضی کے مالکان کو زمینوں کی قیمت کی ادائیگی میں تاخیر سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس نمبر ۴ پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۴۹۔ **جناب محمد افضل**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قواعد طریق کار واستحقاقات، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۳۰، ۳۱، ۱۱۸/اور ۲۳۴/الف میں ترامیم پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۵۰۔ **جناب محمد افضل** **ڈاکٹر نفیسہ شاہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ مذکورہ قواعد کے قاعدہ ۳۰، ۳۱، ۱۱۸/اور ۲۳۴/الف میں مجوزہ ترامیم قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں زیر غور لائی جائیں۔

۵۱۔ **جناب محمد افضل** **ڈاکٹر نفیسہ شاہ** تحریک پیش کریں گے کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

## قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں ترمیم

۵۲۔ **جناب انجم عقیل خان،** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۴) کے تحت، مذکورہ قواعد میں درج ذیل ترامیم پیش کرنے کی اجازت طلب کریں گے:۔

**طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۴۷ میں ترمیم۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۴۷ میں، عبارت ''جس میں ان کے نوٹسز موصول ہوئے ہوں'' کو عبارت ''قاعدہ ۳۷ کے جملہ شرطیہ کے تحت منعقدہ قرعہ اندازی میں نکلنے والی'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۵۳۔ **جناب انجم عقیل خان** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ مجوزہ ترمیم زیر غور لائی جائے۔

۵۴۔ **جناب انجم عقیل خان** تحریک پیش کریں گے کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترمیم منظور کی جائے۔

## قراردادیں

۵۵۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی انفورسمنٹ، مانیٹرنگ اور ریونیو ایڈمنسٹریشن کو مضبوط بناتے ہوئے اس میں اصلاحات کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کرے تاکہ چوری شدہ ٹیکسوں اور ڈیوٹیوں کی وصولی کو بہتر بنایا جاسکے اور مزید شفافیت، جوابدہی اور کارکردگی کو یقینی بنایا جا سکے۔

۵۶۔ **محترمہ سحر کامران** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی:۔

اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کی حدود میں گداگری کے خاتمے کے لیے فوری اقدامات کرے۔

۵۷۔ **جناب انجم عقیل خان** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت پورے علاقہ دارالحکومت اسلام آباد بالخصوص نیو فیصل کالونی، جھنگی سیداں، شمس کالونی اور ترنول میں عمومی قبرستانوں کے لیے مناسب اراضی مختص کرنے کے لیے فوری اقدامات کرے، جہاں تدفین کے لیے جگہ کی قلت ایک عمومی تشویش کا باعث بن چکی ہے۔

۵۸۔ **محترمہ شرمیلا فاروقی** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی:۔

اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت پانی کے تحفظ کو قومی ترجیح قرار دینے اور پاکستان کے اقتصادی، زرعی اور ماحولیاتی مستقبل کے تحفظ کے لئے آبی وسائل کے مؤثر استعمال اور ان کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے فوری اقدامات کرے۔

۵۹۔ **محترمہ عالیہ کامران** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی:۔

اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت بجلی کی قابلِ اعتماد اور بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے بلوچستان میں بجلی کی ترسیل اور تقسیم کے نیٹ ورک کو مضبوط اور وسیع کرنے کے لیے فوری اقدامات کرے۔

## تحاریک زیر قاعدہ ۲۵۹

۶۰۔ **محترمہ عالیہ کامران** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

یہ ایوان فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (ایف جی ای ایچ اے) کی کارکردگی، بالخصوص اس کے ہاؤسنگ منصوبوں کی تکمیل میں مسلسل تاخیر پر بحث کرے، اور ان کی بروقت تکمیل، شفافیت، احتساب اور الاٹیز کو قبضہ کی موثر منتقلی کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات پر غور کرے۔

۶۱۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

یہ ایوان زراعت کو درپیش چیلنجز کے پیشِ نظر قومی غذائی تحفظ اور پاکستان کے زرعی شعبے کے طویل المدتی استحکام کو یقینی بنانے کے لیے حکومت کی جانب سے اٹھائے جانے والے اقدامات پر بحث کرے۔

۶۲۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

یہ ایوان حکومت کی اندرونی پالیسی پر بحث کرے۔

۶۳۔ **سیدہ آمنہ بتول** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

یہ ایوان پرائیویٹ ہسپتالوں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کی ضرورت پر بحث کرے۔

۶۴۔ **محترمہ نعیمہ کشور خان** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

یہ ایوان روزانہ یا تین روزہ بنیادوں پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کی پالیسی پر بحث کرے۔

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۶۵۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۶۶۔ **حاجی امتیاز احمد چوہدری** **خواجہ شیراز محمود** **جناب غلام محمد** وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو شکرپڑیاں نیشنل پارک، اسلام آباد میں قومی عجائب گھر پاکستان کی تعمیر کے لیے محکمہ آثار قدیمہ و عجائب گھر کو اراضی/پلاٹ الاٹ کرنے میں کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کی جانب سے غیر معمولی تاخیر سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**

**۱۷/اگست، ۲۰۲۶ء**

**سعید احمد میتلا**

**قائم مقام سیکرٹری**